
UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES LAHORE



# PUBLIC NOTICE

## Preparation of Mandatory Documents for Admission into Medical and Dental Colleges of Punjab, Session 2024-25

The admission process for Medical and Dental Colleges in Punjab for the 2024-25 session will commence soon. Prospective candidates are advised to prepare the following mandatory documents in advance to avoid any issues when submitting their online applications. These documents are compulsory, and without them, the application form will not be accepted:

### 1. Domicile Certificate

A Punjab domicile is mandatory for candidates applying for public sector medical and dental colleges in Punjab. Other documents like ID cards, B-form, passport, or birth certificate will not be accepted as substitutes. Similarly, a receipt for a domicile application or a parent's domicile will not be acceptable.

### 2. Educational Documents and Attestation

i. Candidates must have their Matriculation and HSSC/F.Sc (Pre-Medical) certificates/result cards attested by their respective Boards of Intermediate & Secondary Education.

ii. Candidates with foreign qualifications (A-levels, IB, American/Canadian 12th grade, etc.) must provide an Equivalence Certificate or Provisional Equivalence Letter from IBCC for their 10th and 12th grade qualifications.

THIS IS NOT AN ALERT

### 3. Identity Documents

i. Acceptable identity documents include CNIC, NICOP, POC, B-Form/Child Registration Certificate, or Passport. At least one must be submitted.

ii. Candidates must also upload one parent's (Father/Mother) identity document.

iii. Pakistani students abroad or with dual nationality applying for reserved seats must upload one of the following:
**Iqama, Residence Permit, Green Card, or Foreign Passport.**

iv. For candidates in Saudi Arabia, a screenshot of the Iqama from the Absher or Ministry of Interior KSA website, showing the permit's expiry date, must be submitted alongside the printed copy of the Iqama.

v. Expired identity documents will not be accepted.

### 4. Special Documents

Certain documents will be required for Quota Seats in public sector medical and dental colleges. Details will be provided in the Prospectus and on the University website. It is the candidate's responsibility to provide these documents for the relevant category of seats.

### 5. Photograph, Thumbprint, and Signature

i. A recent color photograph with a white background, not older than one month, must be uploaded. Female candidates may wear a headscarf, but faces must be visible. Photos must not include caps, hats, or sunglasses, and no editing is allowed.

ii. Candidates must also upload their signature in blue ink on white paper and their left thumbprint.

### Important Instructions for Digitizing Documents

i. Applications will be submitted online, so candidates must have soft copies of all required documents.

ii. Documents should be in JPG/JPEG format, with a file size not exceeding 1 MB per document. Apps like CamScanner can be used for this purpose.

iii. Upload original documents only, ensuring each image is clear and legible.

iv. For double-sided documents like the CNIC, prepare separate files for both sides.

v. Save each document with a unique name, and double-check before uploading.

vi. For documents in languages other than English or Urdu, official notarized/certified English translations must be provided.

### PLEASE NOTE!

Candidates are responsible for uploading the correct documents in the required format. Incorrect or improperly uploaded documents will result in the application being rejected without notice, and the university will not be held responsible. Prepare your documents according to the instructions and seek assistance if needed. Uploading fake or fabricated documents will lead to immediate rejection and possible legal action.

For updates, visit the official University of Health Sciences website **(www.uhs.edu.pk)**

**Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore**

**Vice Chancellor University of Health Sciences, Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600**
**Ph: 042-99231305-09**

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

Size: 30x4

# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور



# پبلک نوٹس

## پنجاب کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلہ برائے سیشن 25-2024 کیلئے لازمی دستاویزات کی پیشگی تیاری

صوبہ پنجاب کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلہ برائے سیشن 25-2024 کا عمل جلد ہی شروع ہو جائے گا۔ داخلے کے خواہشمند امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل دستاویزات پیشگی تیار کر لیں تاکہ انھیں آن لائن درخواست جمع کراتے ہوئے کوئی مشکل درپیش نہ آئے۔ یاد رہے کہ یہ تمام دستاویزات لازمی نوعیت کی ہیں اور ان کے بغیر داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا:

### (1) ڈومیسائل سرٹیفیکیٹ

سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں داخلے کیلئے امیدوار کا پنجاب ڈومیسائل لازمی دستاویز ہے۔ کوئی اور دستاویز جیسے کہ شناختی کارڈ، ب فارم یا پاسپورٹ یا برتھ سرٹیفیکیٹ وغیرہ ڈومیسائل کا نعم البدل نہیں ہے۔ اسی طرح والدین کا ڈومیسائل یا امیدوار کی ڈومیسائل کیلئے جمع کرائی گئی درخواست کی رسید بھی قابل قبول نہ ہوگی۔

### (2) تعلیمی اسناد اور انکی تصدیق

(i) تمام امیدواروں کیلئے اپنی میٹرک اور ایف ایس سی (پری میڈیکل) کی سند یا رزلٹ کارڈز کو متعلقہ بورڈز انٹرمیڈیٹ وسیکنڈری ایجوکیشن سے تصدیق (Attest) کرانا لازمی ہے۔




(ii) غیر ملکی تعلیمی اہلیت (جیسا کہ اے لیول، آئی بی، امریکن / کینیڈین 12th گریڈ وغیرہ) رکھنے والے امیدواروں کیلئے لازمی ہے کہ وہ اپنی دسویں اور بارھویں جماعت کی مساوی تعلیمی اہلیت کا ایکویولینس سرٹیفیکیٹ (Equivalence Certificate) یا عبوری ایکویولینس لیٹر (Provisional Equivalence Letter) جمع کرائیں جو کہ آئی بی سی سی کا جاری کردہ ہو۔

### (3) شناختی دستاویزات

(i) شناختی دستاویزات میں قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC)، قومی شناختی کارڈ برائے سمندر پار پاکستانی (NICOP)، پاکستان اوریجن کارڈ (POC)، ب فارم یا چائلڈ رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ (CRC) اور پاسپورٹ شامل ہیں۔ امیدوار کو درج بالا دستاویزات میں سے کوئی ایک دستاویز لازماً جمع کرانا ہوگی۔

(ii) امیدوار کے والدین میں سے کسی ایک کی شناختی دستاویز بھی درخواست فارم کے ساتھ اپ لوڈ کرنا ہوگی۔

(iii) سمندر پار پاکستانیوں اور دوہری شہریت کے حامل طلبہ کیلئے مخصوص نشستوں پر درخواست دینے کیلئے امیدوار کو درج ذیل دستاویزات میں سے کوئی ایک اپ لوڈ کرنا ہوگی:
اقامہ یا ریذیڈنس پرمٹ یا گرین کارڈ یا غیر ملکی پاسپورٹ

نوٹ: سعودی عرب میں رہائش پذیر امیدواروں کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ اپنے اقامہ کی پرنٹ کاپی کے ساتھ ابشر (Absher) یا منسٹری آف انٹیریئر کی ویب سائیٹ سے اقامہ کا سکرین شاٹ بھی جمع کرائیں جس پر اقامہ کی تاریخ تنسیخ (Expiry Date) درج ہونی چاہیے۔

(iv) ایسی شناختی دستاویزات جن کی تاریخ تنسیخ (Expiry Date) درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل گزر چکی ہو وہ ہرگز قابل قبول نہ ہوں گے۔

### (4) خصوصی دستاویزات

بعض دستاویزات ایسی ہیں جو سرکاری میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں موجود مخصوص نشستوں (Quota Seats) پر اپلائی کرنے کیلئے لازمی ہیں۔ ان کی تفصیلات پراسپیکٹس اور یونیورسٹی ویب سائیٹ پر دی جائے گی۔ کوٹہ سیٹوں پر اپلائی کرنے کیلئے امیدواروں کو متعلقہ خصوصی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی۔

### (5) فوٹوگراف، انگوٹھے کا نشان اور دستخط

(i) داخلہ فارم کے ساتھ امیدوار کا فوٹوگراف بھی اپ لوڈ ہوگا۔ فوٹوگراف ایک ماہ سے زیادہ پرانا کھنچا ہوا نہیں ہونا چاہیے۔ فوٹوگراف رنگین (Colored) اور اس کا پس منظر سفید ہونا چاہیے۔ فوٹوگراف میں امیدوار کا چہرہ واضح نظر آ رہا ہو۔ لڑکیوں کو سر پر سکارف یا دوپٹہ لینے کی اجازت ہے تاہم اس سے ان کا چہرہ نہ چھپ رہا ہو۔ فوٹوگراف میں ٹوپی، ہیٹ اور سن گلاسز کی اجازت نہیں۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی فوٹوگراف کو ہرگز ایڈیٹ نہ کریں۔

(ii) امیدوار ایک سفید کاغذ پر نیلی سیاہی سے اپنے دستخط کرے اور اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان ثبت کرے۔ اس کاغذ کی فوٹو بھی درخواست فارم کے ساتھ اپ لوڈ کرنا ہوگی۔

### دستاویزات کی کمپیوٹر سافٹ فائلز تیار کرنے کے حوالے سے ضروری ہدایات

(i) یہ بات ذہن نشین رہے کہ امیدوار داخلے کیلئے درخواست آن لائن پورٹل کے ذریعے بھرے اور جمع کرائے گا۔ اس لیے اس کے پاس ان تمام دستاویزات جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کی سافٹ کاپی کمپیوٹر یا موبائل میں محفوظ ہونی چاہیے۔

(ii) امیدوار تمام دستاویزات کی سافٹ فائل صرف JPG/JPEG فارمیٹ میں تیار کریں۔ اس مقصد کیلئے CamScanner یا اس قسم کی دوسری ایپ کا استعمال کریں۔

(iii) کسی بھی دستاویز کا فائل سائز ایک ایم بی سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) تمام اوریجنل (original) دستاویزات کی تصاویر محفوظ کریں۔ فوٹو کاپی کی تصاویر قابل قبول نہیں۔

(v) ہر دستاویز کی تصویر بالکل واضح ہونی چاہیے۔ دھندلی یا پڑھی نہ جاسکنے والی دستاویزات مسترد کر دی جائیں گی۔

(vi) ایسی دستاویزات جس کی دونوں سائیڈ پر یعنی آگے اور پیچھے پرنٹنگ ہو (جیسے کہ شناختی کارڈ وغیرہ) ان کی دونوں سائیڈز کی الگ الگ فائل تیار کریں۔

(vii) ہر دستاویز کی فائل کو علیحدہ نام سے محفوظ کریں اور اپ لوڈ کرنے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کریں کہ آپ درست دستاویز اپ لوڈ کر رہے ہیں۔

(viii) ایسی دستاویزات جو انگریزی یا اردو کے بجائے کسی اور زبان (مثلاً عربی، فارسی، چائنیز، فرنچ، اٹالین وغیرہ) میں ہوں ان دستاویزات کے ساتھ ان کا آفیشل نوٹرائزڈ / سرٹیفائیڈ انگریزی ترجمہ بھی اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

### یاد رہے!

درست دستاویز کو صحیح طریقے سے اپ لوڈ کرنا امیدوار کی اپنی ذمہ داری ہے۔ غلط دستاویز جمع کرانے پر یا صحیح طریقے سے دستاویز اپ لوڈ نہ کرنے پر امیدوار کی درخواست بغیر کسی نوٹس کے مسترد کر دی جائے گی جس کیلئے یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔ امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ بتائے گئے طریقے کے مطابق اپنی دستاویزات بروقت تیار کر لیں۔ دستاویزات کی فوٹو یا سافٹ فائلز تیار کرنے کیلئے کسی ماہر یا اپنے بڑے کی مدد لیں۔ مزید برآں امیدواروں کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ کوئی جعلی یا خود ساختہ دستاویز اپ لوڈ نہ کریں۔ بصورت دیگر ان کی درخواست فوری طور پر مسترد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے خلاف قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

مزید معلومات کیلئے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی آفیشل ویب سائیٹ (www.uhs.edu.pk) دیکھتے رہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور
وائس چانسلر، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور،
فون نمبر: 042-99231305-09

/uhs.lhrofficial | /uhs.lhrofficial | /uhslhrofficial | /uhslhrofficial | www.uhs.edu.pk

Size: 30x4